www.dailymumtaz.com | mumtazisb@gmail.com | ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
dailymumtazofficial | @Dailymumtaz1

THE DAILY MUMTAZ RAWALPINDI-ISLAMABAD
روزنامہ ممتاز راولپنڈی اسلام آباد
رجسٹرڈ نمبر NRP-002
Registered at Post Office Rawalpindi
بانی: عبداللہ بٹ
جلد 05 | ہفتہ 25 جولائی 2026ء 10 صفر المظفر 1448ھ 11 ساون 2082ب | نمبر 23
قیمت 15 روپے

MUST STUDIO

**دلیل**

دلیلیں لے آئیں جنھیں تم کتاب دی گئی تو بھی وہ آپ کے قبلہ کو مانتے والے ہیں، اور نہ ان میں کوئی دوسرے قبلہ کو مانتے والا ہے، اور اگر آپ ان کی خواہشوں کی پیروی کریں گے بعد اس کے کہ آپ کے پاس علم آچکا تو بے شک آپ بھی تب ظالموں میں سے ہوں گے۔ وہ لوگ جنھیں ہم نے کتاب دی تھی وہ اسے پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو اور اگر آپ ان کے سامنے تمام پہچانتے ہیں، اور بے شک کچھ لوگ ان میں سے حق کو چھپاتے ہیں اور وہ جانتے ہیں۔ (سورۃ البقرۃ، آیت نمبر 145، 146)

(قرآنی آیات اور حدیث نبویؐ کا احترام سب پر لازم ہے)

# ٹانک چیک پوسٹ پر بارود بھری گاڑی حملہ سے 15 جوان شہید 12 دہشتگرد ہلاک

## کوئٹہ کشمیر ہائیکاروں پر حملہ 2 جاں بحق

دہشتگردوں نے 23 اور 24 جولائی کی درمیانی شب سکیورٹی اہلکاروں کی مشترکہ چیک پوسٹ پر بزدلانہ حملہ کیا، عمارت منہدم، شہداء میں 12 فوجی، 2 پولیس اہلکار اور ایک محکمہ جنگلات کا عہدیدار شامل

صدر و وزیر اعظم، وفاقی وزیر داخلہ کا افسوس، مستونگ میں آپریشن العزم، 4 دہشتگرد ہلاک، سبولت کاری میں ملوث متعدد دہشتگرد افراد گرفتار، پشاور میں پولیس چوکی پر کراڈ کا پتھر سے حملہ، 3 اہلکار زخمی

راولپنڈی، اسلام آباد (ممتاز نیوز) ٹانک میں دہشت گردوں نے چیک پوسٹ پر بارود سے بھری گاڑی ٹکرادی، تیجے میں سکیورٹی فورسز کے 15 اہلکار شہید ہوگئے، جوابی کارروائی میں 12 دہشت گرد مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بھارت کی حمایت یافتہ دہشت گرد گروہ فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے 23 اور 24 جولائی کی درمیانی شب ضلع ٹانک میں سکیورٹی اہلکاروں کی مشترکہ چیک پوسٹ پر بزدلانہ حملہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق حملہ آوروں نے چیک پوسٹ کے سکیورٹی حصار کو توڑنے کی کوشش کی تاہم سکیورٹی فورسز کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کا 47 ڈیٹا سینٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

# مدد بھارت کا واضح ہاتھ، دہشتگردی کی مذمت

## وزیر اعظم ڈیٹا سینٹر قرآن کا افتتاح

## فیلڈ مارشل کیساتھ کائی 47

## معرکہ حق میں کامیابی ملکی تاریخ کا عظیم ترین لمحہ، مشکلات اور چیلنجز کا حوصلے سے مقابلہ کریں تو ایسے تاریخی کارنامے جنم لیتے ہیں، شہباز شریف

## پٹرول 3.66، ڈیزل 4.80 روپے مزید مہنگا

دہشتگردی کی مذمت کی، وزیر اعظم کو فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کال، کہا کہ وفاقی حکومت اور آرمڈ فورسز ریکیلیبریٹڈ اتھارٹی (اوگرا) کی جانب (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 3)

## دہشتگردی سپانسرڈ بھارت کا امن درس مضحکہ خیز، پاکستان

## آزاد اور مقبوضہ کشمیر کے حالات میں واضح فرق، صائمہ سلیم کا بیان

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ میں پاکستانی مشن کی قونصل صائمہ سلیم نے سلامتی کونسل میں بھارت کو لاجواب کر دیا اور کہا کہ بھارت کا امن کا درس دینا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 4)

## بھارت دہشتگردوں کو وسائل مہیا کرتا، افغانستان اپنی سرزمین کو پاکستان کیخلاف استعمال سے روکے، بلوچستان نیشنل ورکشاپ کے شرکا سے خطاب

دہشتگردی کا مکمل خاتمہ ہو چکا تھا، ایک منظم سازش کے تحت واپس لائی گئی، وزیر اعظم، قوم کو سرکائی 47 جیسا تحفہ دینے پر تمام سٹیک ہولڈرز کا مشکور ہوں، ڈیٹا سنٹر کی افتتاحی تقریب سے اظہار خیال

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ہمارے 90 ہزار افراد شہید ہو چکے ہیں (باقی صفحہ 2 بقیہ نمبر 2)

حمایت کی، بلوچستان میں بسنے والوں نے پاکستان کی تکمیل میں کلیدی کردار ادا کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ سب سے چھوٹا صوبہ ہے، بلوچستان کی قیادت نے ہمیشہ ذاتی مفادات بالائے طاق رکھ کر وفاق کی

وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا تھا بلوچستان ظرافیائی لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا اور آبادی کے لحاظ

بھارت کا ہاتھ بالکل واضح ہے۔ بلوچستان نیشنل ورکشاپ کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں دہشتگرد کارروائیوں میں

## وفاق میں اہم سیاسی ذمہ داریاں حمزہ شہباز کے سپرد

## وزیر اعظم نے ارکان پارلیمنٹ اور وزراء سے رابطوں کا ٹاسک دیدیا

## نواز شریف اور شہباز شریف کو ملاقاتوں اور تجاویز سے آگاہ کریں گے

سیاسی بیانیہ بنانے کے لیے ذمہ داریاں سونپ دی گئی ہیں اور اسی کے تحت میں وزیر اعظم شہباز شریف نے وزیر اعظم آفس کے چھٹے فلور پر حمزہ شہباز کو ایک دفتر بھی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 6)

پنجاب حمزہ شہباز شریف کو وفاق میں ارکان پارلیمنٹ اور وزراء سے رابطوں اور حکومت کا اہم

اسلام آباد (طارق محمود سہیر) وزیر اعظم شہباز شریف کے صاحبزادے اور سابق وزیر اعلیٰ

انہیں کابینہ کمیٹی اسٹریٹجک کمانڈ مقرر کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ وزیر اعظم (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 5)

## عامر رضا کی بطور سٹاف جنرل ٹریننگ کمانڈ نیشنل سٹریٹجک کمانڈ مقرر

## گزشتہ برس چیف آف جنرل سٹاف جی ایچ کیو بنے، کور کمانڈر لاہور، چیئرمین ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا بھی تعینات رہے

## امید ہے جنرل عامر رضا اہم ذمہ داری کو پیشہ ورانہ مہارت اور قومی عزم کے ساتھ انجام دیں گے، وزیر اعظم کی مبارکباد

اسلام آباد (وقائع نگار) وزیر اعظم شہباز شریف نے پاکستان آرمی کے چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا، بلال امتیاز (ملٹری)، ستارہ بسالت کو ٹریننگ اینڈ ٹریننگ کمانڈ مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعظم (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے ترقی پانے والے لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا ملاقات کر رہے ہیں

## بلاول ابڑو حوار کشمیر کو کشمیر پور کو میرپور خاص سمجھنا شرمناک

## آزاد کشمیر کے لیے میری حکومت کے بعد کسی نے بھی کچھ نہیں کیا، موٹروے منصوبہ بھی ادھورا، قائد مسلم لیگ ن

## لوگ جھوٹ سیاسی مقاصد میں ضرور ہونی چاہیے، تلخی، لڑائی اور مار کٹائی نہیں ہونی چاہیے، میرپور میں جلسے سے خطاب

میرپور (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد اور سابق وزیر اعظم (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 7)

## ایران نے امریکہ کی بذریعہ عراق جنگ بندی تجویز رد کر دی

## ہرمز کا چین روس کو جنگ روکنے کا مشورہ

## تنازعات کا حل پیش ہونے تک عارضی جنگ بندی قبول نہیں، ایران، سیز فائر کیلئے سرگرمیاں تیز، عمانی وفد تہران پہنچ گیا، قطر بھی متحرک

## تہران ڈیل کیلئے تیار نہیں، ہرمز میں نقصان کا ازالہ ایرانی اثاثوں سے ہوگا، امریکی صدر، کسی کے اثاثے محفوظ نہیں رہیں گے، عراقچی، ٹیکنگر پر امریکی حملہ

واشنگٹن، تہران (مانیٹرنگ) امریکی اشتہار نیویارک ٹائمز نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے عراق کے ذریعے امریکا کی جانب سے پیش کی گئی جنگ بندی کی تجویز مسترد کر دی ہے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 8)

واشنگٹن، تہران (فارن ڈیسک) امریکہ اور ایران کے ایک دوسرے پر حملے جاری رہے

امریکا نے ایران کے خلاف مسلسل 13 ویں رات بھی فوجی کارروائیاں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 9)



میرپور، قائد مسلم لیگ (ن) نواز شریف جلسے سے خطاب کر رہے ہیں، مریم نواز بھی موجود ہیں

## دہشتگردی پر بیانات نہیں، مؤثر سفارتکاری کی ضرورت

## بھارت کیخلاف عالمی رائے ہموار کرنے کیلئے سفارتی محاذ پر سرگرمی ناگزیر

## آزاد کشمیر میں سخت سیاسی بیانات، مخلوط حکومت کے امکانات برقرار

اسلام آباد (طارق محمود سہیر) وزیر اعظم شہباز شریف نے بلوچستان نیشنل ورکشاپ کے شرکا اور سکالی 47 کے اجرا کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کو وفاقی طور (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 11)

## امریکی اسلحہ خائر بحال کرنے میں برسوں درکار، سابق پینٹا گون عہدیدار

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کے سابق پینٹا گون عہدیدار مارک (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 12)

## ڈار کی عباس عراقچی سے ملاقات

## دیرینہ تعلقات بڑھانے کا عزم

بلٹیک (مانیٹرنگ) وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ایرانی ہم منصب عباس (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 13)

## افغانستان سے دہشتگردی پاکستان کیلئے بڑا سکیورٹی چیلنج ہے

## اسحاق ڈار

## کالعدم ٹی ٹی پی اور بی ایل اے افغان سرزمین سے سرگرم، پاکستان پرامن، مستحکم اور خوشحال افغانستان کا خواہاں ہے

## دنیا امریکہ ایران تنازع کے مستقل حل کیلئے کردار ادا کرے، ایس سی او اجلاس سے خطاب، کرغز صدر سے ملاقات

بلٹیک (مانیٹرنگ) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 14)

بلٹیک، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی ملاقات کر رہے ہیں

## آبنائے ہرمز میں بحری سرگرمیاں کم، تیل مزید مہنگا

## دو ماہ سے زائد عرصے میں پہلی بار صرف ایک آئل ٹینکر گزر سکا

## خام تیل قیمتیں بڑھ کر 100 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئیں، رپورٹ

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی اور بحری سلامتی کے بڑھتے خدشات کے باعث آبنائے ہرمز سے گزرنے والے آئل ٹینکروں کی تعداد دو ماہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 15)

لاہور، وزیر اعلیٰ مریم نواز کی طرف سے الیکٹرونسیس آزاد کشمیر روانہ کی جا رہی ہیں

## وارث آگئے، پنجابی طرز پر سپتھرا کشمیر منصوبہ لائیں گے، مریم نواز

## مظفر آباد میں کہا کشمیر کی بیٹی ہوں تو لوگوں کو بڑی تکلیف ہوئی، محاورتاً نہیں خون سے کشمیری ہوں، وزیر اعلیٰ پنجاب

## جتنی خطرناک سازشیں نواز شریف کیخلاف ہوئیں عوام کی سپورٹ نہ ہوتی تو ہمارا نام ختم ہو جاتا تھا، جلسہ سے خطاب

میرپور (ممتاز نیوز) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ جتنی خطرناک سازشیں نواز شریف کیخلاف ہوئیں عوام کی سپورٹ نہ ہوتی تو ہمارا نام ختم ہو جاتا تھا۔ میرپور آزاد کشمیر میں انتخابی جلسے سے خطاب میں مریم نواز کا کہنا تھا کہ جتنی گرمی ہے آج میرپور میں لوگ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 16)

## چینی شہریوں کیلئے بلٹ پروف لینڈ کروزر خریدنے کا فیصلہ

## چینی شہریوں کا تحفظ حکومت کی ترجیح، کم ترین بولی منظور، احسن اقبال

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) حکومت پاکستان نے چینی شہریوں کی سکیورٹی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے تقریباً 9 کروڑ 50 لاکھ روپے مالیت کی فی بلٹ پروف لوئیوز لینڈ کروزر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 17)

## مقبوضہ مغربی کنارے اسرائیلی حملہ، 4 فلسطینی شہید

نابلس کے قصبے طلبل میں گھروں پر حملے اور براہ راست فائرنگ کی گئی

4 فلسطینی شہید ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شہید مقبوضہ مغربی کنارے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 18)

## پاکستان سمیت آٹھ ممالک کی اسرائیلی اقدامات کی مذمت

اسلام آباد، قاہرہ، ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سمیت 8 ممالک (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 19)

## ایران اور عراق میں 4 معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط

بغداد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران اور عراق نے دوطرفہ تعاون بڑھانے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 20)

## 5 اگست کا جلسہ فیصلہ کن، آئندہ کا لائحہ عمل دینگے، سہیل آفریدی

## KP حکومت، PTI قیادت مذاکرات سے مسائل کے حل کی خواہاں تھی، کوششوں کے باوجود مثبت جواب نہ ملا

## ہمیشہ یہ مطالبہ رہا 9 مئی واقعات کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں، وزیر اعلیٰ، مشترکہ پارلیمانی اجلاس سے خطاب

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ 5 اگست کا عوامی جلسہ ایک معمول کا سیاسی اجتماع نہیں بلکہ ایک فیصلہ کن مرحلہ ہوگا، جس میں آئندہ کا لائحہ عمل قوم کے سامنے

پشاور، وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی پی ٹی آئی کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

## طلبہ احتجاج، دہلی میں انٹرنیٹ پابندی میں توسیع

## ہزاروں طلبہ کا احتجاج، جھڑپیں، پولیس لاٹھی چارج، 100 سے زائد زخمی

## مودی کا سخت اقدامات کا اعلان، سونم وانگچک کی بھوک ہڑتال ختم

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی حکومت نے نئی دہلی کے مختلف علاقوں میں انٹرنیٹ پر عائد پابندی میں مزید توسیع کر دی۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق سینٹرل دہلی میں انٹرنیٹ سروس کی بحالی کو بڑھا دیا گیا ہے۔ بھارت کے دارالحکومت نئی دہلی میں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 22)



# اسلام آباد ہائیکورٹ نے اینٹی نارکوٹکس فورس کو نئی بھرتیوں سے روک دیا

## آسامیوں کی بھرتی کے لئے جاری اشتہار پر مرکزی درخواست کے حتمی فیصلے تک عملدرآمد معطل رہے گا، عدالت عالیہ کا فیصلہ

## اے این ایف کے کانسٹیبل نے 10 سال سے ترقی نہ ملنے پر نئی بھرتیوں کیخلاف درخواست دائر کی تھی، ڈی پی جی بلانے کا بھی مطالبہ

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے جاری اشتہار کے مطابق اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) میں کی جانے والی بھرتیوں پر عملدرآمد سے روک دیا اور حکم دیا ہے کہ اسامیوں کی بھرتی کے لئے جاری کئے اشتہار پر مرکزی درخواست کے حتمی فیصلے تک عملدرآمد معطل رہے گا۔ جسٹس محمد اعظم خان نے یہ احکامات جاری کرتے ہوئے متفرق درخواست پر رجسٹرار آفس کے اعتراضات بھی دور کر دیے۔ حکم نامے میں کہا گیا کہ عدالت درخواست کے میرٹ پر دیئے بغیر متفرق درخواست کو منظور کر رہی ہے۔ عدالت نے اشتہار پر عملدرآمد روکنے کی متفرق درخواست منظور کرتے ہوئے اسلام آباد ہائیکورٹ بار کونسل کو فریق بنا دیا۔ جبکہ مرکزی کیس کی سماعت کے لیے 22 اگست کی تاریخ مقرر کر دی گئی۔ واضح رہے کہ اے این ایف کے کانسٹیبل محمد شفیق خان نے اپنے وکیل محمد علی رضا کے ذریعے اسامیوں کے اشتہار کو عدالت میں چیلنج کر رکھا ہے۔ درخواست میں وزارت داخلہ، وزارت قانون اور ڈائریکٹر جنرل اے این ایف کو فریق بنایا گیا ہے۔

اسلام آباد، اے این ایف کے اہلکار پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں اسلحہ چلانے اور ہتھیار سنبھالنے کی عملی تربیت حاصل کر رہی ہیں

## راولپنڈی، ہوٹل سے سرکاری ادارے کے اہلکار کی پھندا لگی لاش برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) تھانہ ٹیلہ باؤن کے ہوٹل سے سرکاری ادارے کے اہلکار کی پھندا لگی لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق سندھ سے تعلق رکھنے والے کاشف علی نے ہوٹل کا کمرہ کرایہ پر لیا تھا، وفاقی وفود کمرے سے جواب نہ ملنے پر ہوٹل انتظامیہ نے پولیس سے رجوع کیا۔ پولیس پہنچنے پر کمرہ کھولا گیا تو اندر سے کاشف علی کی پھندا لگی لاش ملی، پولیس نے فرانزک ٹیم اسکے کے اس پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دی۔

## دریاں، بنچوں اور آبی گزرگاہوں میں نہانے پر 30 روز پابندی

اسلام آباد (ٹاسک فورس) کمشنر اسلام آباد نے عوام کی جانوں کے تحفظ کے پیش نظر دفعہ 144 نافذ کرتے ہوئے ضلع بھر کی آبی گزرگاہوں میں نہانے، تیراکی، کشتی رانی اور دیگر سرگرمیوں پر 30 روز کے لیے پابندی عائد کر دی۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد شاہ کامران کی جانب سے جاری حکم نامے کے مطابق دریائے سندھ، نلاری، برطھا بائیڈ و پاور پیکنگز، بیر اجیں، ڈیموں، نہروں، نالوں، تالابوں، ڈسٹری بیوٹریز، ڈریز اور دیگر آبی گزرگاہوں میں نہانے، تیراکی، کشتی رانی، چھلانگیں لگانے اور ان کے کناروں پر کھیلنے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ یہ پابندی 24 جولائی سے 21 اگست 2026 تک نافذ العمل رہے گی۔ حکم نامے کی حدود میں نفاذ اُصول رہے گی۔

## دریائے سندھ میں پلاسر گولڈ کی غیر قانونی کھدائی پر پابندی

اٹک (ٹاسک فورس) ڈپٹی کمشنر اٹک مدثر احمد شاہ نے دریائے سندھ اور اس کی ذیلی شاخوں میں پلاسر گولڈ کی غیر قانونی کھدائی پر 30 روز کے لیے پابندی عائد کر دی۔ تفصیلات کے مطابق جاری نوٹیفکیشن کے مطابق دریائے سندھ، اس کی ذیلی شاخوں اور غازی بروتھا بیراج پاور کیسل میں پلاسر گولڈ کی غیر قانونی کھدائی پر 23 جولائی سے 21 اگست 2026 تک پابندی نافذ رہے گی۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق حکم کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

## عفت، ہولی فیملی میں نومولود بچی کا انگوٹھا کٹ گیا

### نرس کی غلطی سے انگوٹھا کٹا، ڈاکٹرز کا اعتراف، مقدمہ درج، تحقیقات شروع

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی کے ہولی فیملی ہسپتال میں مبینہ طبی غلطی کے باعث نومولود بچی کا انگوٹھا کٹ گیا جس پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دیں۔ پولیس کے مطابق تھانہ نیو کینٹ میں بچی کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق ڈاکٹر نے دل خانہ کا بتایا کہ نرس سے غلطی کے باعث بچی کا انگوٹھا کٹ گیا۔ ایف آئی آر میں کہا گیا کہ ہسپتال کی انتظامیہ نے واقعے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔

## صادق آباد پولیس نے اندھے قتل کو ٹریس کر لیا

### تین نفتے قتل لین دین کے تنازع پر شہری کو قتل کیا گیا، ملزم گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) صادق آباد پولیس نے تین نفتے قتل کا ملزم شہری کے اندھے قتل کی واردات درج کرتے ہوئے مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا جبکہ دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ٹیکنیکل اور سیون انٹیلی جنس کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے تین نفتے قتل پیش آنے والے اندھے قتل کے مقدمے کو ٹریس کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم نے دوران تحقیق انکشاف کیا کہ اس نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ لین دین کے تنازع پر خنجر کے وار کر کے شہری کو قتل کیا تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم کو شہر ملنے پر پولیس کی مدعیت میں نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا تھا۔



راولپنڈی، ایس ایس پی انوسٹی گیشن ناصر علی خان کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات سن رہے ہیں

## ایف آئی اے کارروائیاں، 5 انسانی سمگلر گرفتار

### گرفتار ملزمان میں مائیگریٹ سمگلنگ، ویزا فراڈ میں ملوث اشتہاری شامل

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) انسداد انسانی سمگلنگ سرکل نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے مائیگریٹ سمگلنگ اور ویزا فراڈ میں ملوث 2023 کے مقدمے ایک اشتہاری سمیت 5 انسانی سمگلر کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت اقصان، اسرار احمد، احتشام اشرف، افضال احمد اور مدبر اشرف کے نامول سے ہوئی ہے۔ ملزمان کو لاہور، شیخوپورہ، حافظ آباد اور آزاد کشمیر کے مختلف علاقوں میں چھاپے مار کر حراست میں لیا گیا۔ ملزمان نے شہریوں کو بیرون ملک ورک ویزوں کے بہانے سے فی کس 1 کروڑ روپے اور 74 ہزار روپے کی رقم وصول کی تھی۔

## جعلی ایچ ای سی سکالرشپ پر ڈاکٹر بورنے والا ایجنٹ گرفتار

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے جعلی ایچ ای سی سکالرشپ پر ڈاکٹر بورنے والے ایجنٹ کو گرفتار کر لیا۔ ملزم سائبر کلب میں "پراڈ سے کنسلٹنسی" کے نام سے ایجنسی چلا رہا تھا۔ تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ ملزم نے متعدد طلبا اور درخواست گزاروں کو یونیورسٹی آف ایڈا ازینو امریکہ میں داخلے اور ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) فنڈڈ پی ایچ ڈی اسکالرشپس کی جھانسے کر فی کس 10 ہزار امریکی ڈالر تھیائے۔ ملزم نے متاثرین کو ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) پاکستان کے نام پر جعلی اور ملفوف ہائر ایجوکیشن کمیشن جس کی بعد ازاں ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) نے تصدیق پر جعلی قرار دیا۔

## اوقات نماز

| | | | |
|---|---|---|---|
| فجر | 4:30 | طلوع آفتاب | 5:14 |
| ظہر | 1:30 | عصر | 5:15 |
| مغرب | 7:14 | عشاء | 9:10 |

## موسم

ہفتہ کے روز ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک رہنے کی توقع ہے۔ تاہم جنوب مغرب، جنوبی بلوچستان، کشمیر اور ملحقہ پہاڑی علاقوں میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ چند مقامات پر بارش کا امکان ہے۔

## راولپنڈی، شارٹ سرکٹ سے فرنیچر شوروم میں آتشزدگی

### قیمتی فرنیچر، لکڑی، تیار شدہ سامان اور دیگر اشیاء جل کر خاکستر

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) فرنیچر کے شوروم میں شارٹ سرکٹ کے باعث اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ آتشزدگی کے نتیجے میں قیمتی فرنیچر، لکڑی، تیار شدہ سامان اور دیگر اشیا جل کر خاکستر ہو گئیں۔ تحصیلات کے مطابق سٹلائٹ ٹاؤن اپاہ پاک کتاریاں چوکی پوسٹ آفس کے قریب فرنیچر کے شوروم میں آگ بھڑک اٹھی جس سے تاحال کروڑوں کا نقصان اٹھانے کا اندیشہ ہے۔ آگ لگنے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا اور مقامی افراد نے اپنی مدد آپ کے تحت آگ بجھانے کی کوشش کی۔ بعد ازاں ریسکیو اور فائر بریگیڈ کے عملے نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پایا۔ تاہم اس وقت تک شوروم میں موجود بیشتر سامان جل چکا تھا۔ متاثرہ فرنیچر کی دکانوں کے مالکان کے کلام میں ساس نصب تھی جس کے باعث بجلی کے نظام میں ساس پیدا ہوتے رہے۔ اس کا کہنا تھا کہ اس نے متعدد مرتبہ متعلقہ حکام کو زبانی طور پر موڈ ورنگ کا عمل کرنے کی درخواست کی مگر کسی نے اس معاملے کو سنجیدگی سے نہیں لیا۔ تاجر کا کہنا ہے کہ اگر متعلقہ حکام بروقت کارروائی کرتے اور موڈ کو منقطع مقام پر منقطع کر دیا جاتا تو یہ المناک واقعہ پیش نہ آتا۔

## بہترین کارکردگی پر سی پی ڈی افسران کیلئے تعریفی اسناد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کانسٹیبلری امپلیمنٹ (سی پی ڈی) سعود بن ناصر نے فرائض شخصی کی انجام دہی میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران کو تعریفی اسناد سے نوازا۔ ایس ایس پی ای ڈی سعود خان نے ایک تقریب کے دوران مختلف پولیس افسران کی پیشہ ورانہ خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں تعریفی اسناد پیش کیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ مختلف افسران نے فرض شناسی، ایمانداری اور بہتر پولیسنگ کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیے۔

## اسلام آباد، کار میں گنجائش سے زائد پٹرول ڈالنے پر پمپ سیل

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) سنٹل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر وائرل ہونے والی ایک ویڈیو کے بعد اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ نے شہریوں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ایسے عناصر کی نشاندہی کریں جو پٹرول پمپ پر خلاف ورزی کر رہے ہیں، جبکہ قیمتی زمرد اداروں اور عالمی اداروں کی رپورٹس کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ اوٹ بچ حقائق پر مبنی ایک مستند دستاویز ہوگی اور اس میں کسی قسم کی جانبداری یا حقائق کو توڑ مروڑ پیش نہیں کیا جائے گا۔

## جڑواں شہروں میں فوڈ اتھارٹی کا ایکشن، بھاری جرمانے

### راولپنڈی میں ایک ہزار لیٹر ملاوٹی دودھ تلف، اسلام آباد میں 14 فوڈ پوائنٹ سیل

راولپنڈی، اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی راولپنڈی نے ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک ہزار لیٹر ملاوٹی دودھ تلف کر دیا جبکہ 14 دودھ برداروں کو جرمانے کیے۔ اتھارٹی کو برساتی نالے میں ہزار دودھ برداروں کا دودھ پھینکا گیا۔ موٹروے اور مندرہ فوڈ پلازوں پر ناکہ بندی کے دوران 18 گاڑیوں میں موجود 56 ہزار لیٹر دودھ کی جانچ کی گئی جس میں متعدد گاڑیوں سے باقاعدہ ملاوٹی دودھ برآمد ہوا۔ اتھارٹی ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر عمر بن خان کی زیر صدارت اسلام آباد فوڈ اتھارٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں گزشتہ 10 روز کے دوران فوڈ اتھارٹی کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ شہر بھر میں فوڈ اتھارٹی کی جب ایک ہی ہفتے میں 625 شکایت کیس، جن کے دوران 387 ایمرجنسی فونسز اور 4 ذہانی دائر ہوئیں۔ اجلاس میں حفاظتہ اشرفان نے ضلع بھر کی مختلف علاقوں میں جاری تیاریوں اور لاکھی آب کے موثر انتظامات پر زور دیا۔ اجلاس میں حفاظتہ اشرفان نے مختلف علاقوں میں جاری تیاریوں اور لاکھی آب کے مصنوعیوں پر بریفنگ دی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) انگ، ڈپٹی کمشنر اطہر مجید، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ایم ڈی حش

THE DAILY MUMTAZ
روزنامہ ممتاز
www.dailymumtaz.com
پانی : عبدالاحد
ہفتہ 25 جولائی 2026ء 10 صفر المظفر 1448ھ

# سیلابی صورتحال: پنجاب میں دریاؤں کی ڈرون مانیٹرنگ

محکمہ آبپاشی تمام وسائل کیساتھ متحرک، بیراجز، نہروں کی شب و روز مانیٹرنگ جاری، بنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ضروری مشینری فیلڈ میں پہنچادی گئی

## آسام میں سیلاب سے 50 افراد ہلاک، 7 لاکھ بے گھر

3 لاکھ کیمپوں میں منتقل، سیلاب کے باعث صورتحال تشویشناک

گوہاٹی (انٹرنیشنل ڈیک) بھارت کی ریاست آسام میں شدید مون سون بارشوں اور سیلاب سے بڑے پیمانے پر تباہی پھاری ہے۔ بھارتی ڈی ڈی کے مطابق شدید سیلابی صورتحال سے کم از کم 50 افراد ہلاک ہو چکے ہیں اور تقریباً 7 لاکھ افراد کے گھر ہوگئے ہیں۔ دریائے برہم پترا کے پانی میں اضافے سے تقریباً 900 دیہات زیر آب آ گئے ہیں۔ تقریباً 3 لاکھ افراد کو عارضی ریلیف کیمپوں میں منتقل کیا گیا ہے جبکہ کئی علاقوں میں خوراک اور ادویات کی قلت کا سامنا ہے۔ ریاستی بچاؤ اور امداد کی کوششیں تیز کر دی گئی ہیں۔ ریاستی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق 1520 افراد اب تک 184138 افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کر چکی ہے۔ ریاستی حکومت کی جانب سے متاثرہ اضلاع میں امداد کی تقسیم کا عمل جاری ہے۔ حکام کے مطابق 181438 کیوسک کا ریلیف کیمپ قائم کیا گیا ہے۔ ریاستی

# روزنامہ ممتاز

## بقیہ جات

**بقیہ 1**

### جہان شہید

فرق ہے۔ اپنے بیان میں صدر مسعود نے کہا کہ بھارت کا ان کا ورس دوست تھے، جو خود تین افواج کی قائدین رہ چکے ہیں، جو خود تین دہائیوں سے سیاسی کوشش کر رہے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ افغان وزیر اعظم اور صدر نے ہمارے دوست تھے، انہوں نے کہا کہ آزادیوں، کشمیر اور بھارت کے ساتھ فرق ہے۔ صدر مسعود نے کہا کہ ہم کو اپنی سیاسی آزادی ہے، صدر مسعود نے کہا کہ ہم کو اپنی انسانی حقوق کی پالیسیاں کا سامنا ہوگا، ہم کو استقبال کا استقبال اور تحقیق سے محروم کیا گیا، پیرس میں ہم کو تاریخ سے محروم کیا گیا، ہم کو تاریخ کا تاریخ کا استقبال کیا گیا، ہم کو تاریخ کا استقبال کیا گیا، ہم کو تاریخ کا استقبال کیا گیا، ہم کو

DAILY MUMTAZ
روزنامہ
# ممتاز
ہفتہ 25 جولائی، 2026ء 10 صفر المظفر 1448ھ

اکرم تو مسلم نہیں تو اہل ذکر سے دریافت کرلو (القرآن)

# ایڈیٹوریل

فون نمبر: 051-8437994-3
ای میل: editorialmumtaz@gmail.com

## ایمانیات

احرام

عبداللہؓ نے کہا لیکن مجھ کو شرم آتی (میں کہہ نہ سکا) آنحضرتؐ سے نے عرض کیا یا رسول اللہ! رسول اللہؐ نے فرمایا وہ مجھ کو درخت پر سے۔ عبداللہؓ نے کہا پھر مسیں نے اپنے باپ (حضرت عمرؓ) سے بیان کیا جو میرے دل میں آیا تھا۔ انہوں نے کہا اگر تو اس احتیاط سے کام لیتا تو مجھ کو اتنا اطمینان ملنے سے بھی زیادہ خوشی ہوتی۔

ہم سے مسدد نے بیان کیا، کہا ہم سے عبداللہ بن داؤد نے بیان کیا، انہوں نے زمعہ سے، انہوں نے ثوری سے، انہوں نے محمد بن حنفیہ سے، انہوں نے سیدنا علیؓ سے، انہوں نے کہا میری مذی بہت نکلا کرتی تھی۔ میں نے مقداد سے کہا تم نبی اکرمؐ سے اس کا مسئلہ پوچھو۔ انہوں نے پوچھا اگر تو فرمانا مذی ہے تو وضو کرنا چاہیے۔

ہم سے قتیبہ بن سعید نے بیان کیا، کہا ہم سے لیث بن سعد نے بیان کیا، کہا کہ ہم سے ناتع نے جو غلام تھے عبداللہ بن عمر بن خطاب کے، انہوں نے عبداللہ بن عمرؓ سے ایک روایت کی کہ ایک خضب مسجد (نبوی) میں کھڑا ہوا۔ کہنے لگا اللہ کی قسم! آپ کو معلوم ہے ہم (ج کا) احرام کہاں سے باندھیں؟ تو رسول اللہؐ نے فرمایا بدینہ والے ذوالحلیفہ سے احرام باندھیں اور شام والے جحفہ سے عراق والے قرن سے۔ ابن عمرؓ نے کہا لوگ کہتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے یہ فرمایا یمن والے یلملم سے احرام باندھیں اور میں اپنے عمرؓ کے بعد سے نہ یہ بات کہہ سکتا ہوں نہ یلملم سے نہ یہ بات کہہ سکتا ہوں نہ یلملم سے احرام باندھتا ہوں۔ رسول اللہؐ سے صاف یہی سنا ہے۔

ہم سے احمد بن ابی الیاس نے بیان کیا، کہا ہم سے ابن ابی ذئب نے، انہوں نے نافع سے، انہوں نے (دوسری سند) اور ابن ابی ذئب نے کہا کہ میں نے نافع سے سنا، انہوں نے ابن عمرؓ سے کہا کہ میں نے نبی اکرمؐ سے۔ ایک شخص نے ابن عمرؓ سے کہا کہ ابوعبدالرحمٰن! کیا آپ نے اپنے والد کو دیکھا کہ اگر ان جیزوں کو اختیار کرتے جن کو نبی اکرمؐ نے اختیار کیا تو کیا وہ ان کی پیروی کرتے؟ ابن عمرؓ نے کہا ہاں! میں نے اپنے والد کو دیکھا کہ ان جیزوں کو اختیار کرتے جن کو نبی اکرمؐ نے اختیار کیا تھا۔ میں نے ان سے پوچھا کہ کیا آپ کے والد کو دیکھا کہ ان جیزوں کو اختیار کرتے جن کو نبی اکرمؐ نے اختیار کیا تھا؟ انہوں نے کہا ہاں!

کراچی، صدر مملکت آصف علی زرداری سے بلوچستان کے صوبائی وزراء ملاقات کررہے ہیں

# امریکہ نے پاکستان سمیت 60 ممالک پر نئے ٹیرف عائد کردیئے

## جبری مشقت کی روک تھام میں ناکامی پر تجارتی شراکت داروں پر 10 سے 12.5 فیصد ٹیرف عائد کئے گئے

## اقدام صدر ٹرمپ کے عالمی ٹیرف کے نظریئے کو بحال کرنے کی کوشش ہے، وائٹ ہاؤس سے جاری بیان

واشنگٹن (ممتاز نیوز) امریکہ نے جبری مشقت کی روک تھام میں ناکامی پر 60 سے زائد تجارتی شراکت داروں پر 10 سے 12.5 فیصد تک ٹیرف عائد کردیئے ہیں۔ 24 جولائی سے نئے ٹیرف کا اطلاق ہوا ہے اور پاکستان ان ممالک کی فہرست میں شامل ہے، جن پر 10 فیصد ٹیرف عائد کیا جارہا ہے۔ وائٹ ہاؤس کی جانب سے یہ اقدام صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے عالمی ٹیرف کے نظریے کو بحال کرنے کی کوشش ہے (باقی صفحہ 4 پر نمبر 24)

## اکم ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے کا آغاز 27 جولائی سے ہوگا، ایف بی آر

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ایف بی آر نے اعلان کیا ہے کہ انکم ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے کا باقاعدہ آغاز 27 جولائی سے ہوگا۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے اعلان کیا کہ ٹیکس سال 2026 کے انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کا باقاعدہ آغاز 27 جولائی سے ہوگا۔ ترجمان (باقی صفحہ 4 پر نمبر 23)

## پاکستان کشمیر کا رشتہ کمزور نہیں ہوسکتا، رانا شاء

## ن لیگ جیتی تو ترقی کا نیا دور شروع ہوگا، امیر مقام کا جلسہ سے خطاب

رانا شاہ اور امیر مقام کی راجہ وسیم سے ملاقات، غلاف کعبہ، بطور تحفہ پیش

کھوکھر، میر پور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ خان اور وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سمندر پار اور امیر مقام نے کہا ہے کہ پاکستان اور کشمیر کے درمیان مضبوط رشتے کو کوئی کمزور نہیں کرسکتا، اگر کوئی ایسا کرنے کی کوشش کرے گا تو اسے منہ کی کھانی پڑے گی۔ کھوکھر میر پور میں رانا شاہ اور امیر مقام کو بیگی برنجا اور بیسم غلاف کعبہ کا تحفہ دے رہے ہیں

عوام 27 جولائی کو مسلم لیگ (ن) کو ووٹ دیں گے تو آزاد کشمیر میں ترقی کا نیا دور شروع ہوگا۔ گزشتہ روز کھوکی روڈ میں پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے ایک بڑے عوامی جلسے اور شہریوں کی تقریب میں ریاستی وزیر داخلہ ثناء اللہ خان نے خطاب کیا، جہاں (باقی صفحہ 4 پر نمبر 33)

## گوادر، کاؤ فیڈیان تعاون بڑھانے پر پاک چین اتفاق

## پاکستانی وفد کا صنعتی پارکس، لاجسٹکس مراکز اور فری ٹریڈ زون کا جائزہ

## گوادر کے 12 رکنی وفد کا کاؤ فیڈیان فری ٹریڈ زون کا پانچ روزہ دورہ مکمل

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے شہر گوادر سے متعلق رکھے ادلے 12 رکنی وفد نے 19 جولائی کو بیجنگ کے صوبے بیجنگ کا کاؤ فیڈیان فری ٹریڈ زون کا پانچ روزہ دورہ مکمل کرلیا۔ اس دوران دونوں فریقین نے بندرگاہوں، لاجسٹکس، صنعتی پارکس اور گلگتی تربیت کے شعبوں میں مزید گہرے تعاون پر اتفاق کیا۔ گوادر پورٹ کے مطابق وفد میں گوادر پورٹ اتھارٹی، بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بورڈ، جگہ مالی گیری اور دفاتر کے نمائندے شامل تھے۔ دورے کے (باقی صفحہ 4 پر نمبر 34)

## وفاقی آئینی عدالت

## سہیل آفریدی کیخلاف دائر درخواستیں سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) وفاقی عدالت نے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کیخلاف دائر درخواستیں سماعت کیلئے مقرر کردی۔ ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی رہائی فورس کیخلاف دائر درخواست پر سماعت 29 جولائی جبکہ نمبر نمبر 9 مئی مقدمات واپس لینے کیخلاف اپیل (باقی صفحہ 4 پر نمبر 35)

اسلام آباد، وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے امریکی قونصل جنرل کے صدر ملاقات کررہے ہیں

# نیب کیسز سننے کا اختیار آئینی عدالت کے پاس، سپریم کورٹ کا بڑا فیصلہ

## قومی احتساب بیورو قانون کے تحت سماعت کا اختیار ہی نہیں، مرکزی اپیلیں اور ضمانت درخواستیں آئینی عدالت سنے گی

## آرٹیکل 175 اے اور ایف کے تحت کیسز آئینی عدالت کو فراہم تصور کیے جائیں گے، جسٹس منظور نے مختصر فیصلہ سنایا

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) سپریم کورٹ کے تین رکنی بنچ نے نیب قانون میں ترامیم کے بعد عدالتی مقدمات میں سماعت کا اختیار نہیں (باقی صفحہ 4 پر نمبر 36) سناتے ہوئے قرار دیا ہے کہ نیب سے متعلق تمام مقدمات اب وفاقی آئینی عدالت میں سنے جائیں گے۔ جسٹس محمد علی منظور نے مختصر فیصلہ عدالت میں پڑھ کر سنایا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ نیب قانون میں ترامیم کے بعد سپریم کورٹ اب نیب مقدمات کی سماعت کا اختیار نہیں (باقی صفحہ 4 پر نمبر 36)

## رانا مشہود احمد کا امریکہ کی معروف یونیورسٹیوں کا دورہ

## حکام سے ملاقاتیں، نوجوانوں کیلئے تعلیمی تعاون کے فروغ پر اتفاق

ڈیلاس (مانیٹرنگ ڈیسک) ہیبیز ٹون وزیر اعظم پنجاب پنجاب پبلک یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ اس دورے کا مقصد اعلیٰ تعلیم، نوجوانوں کی ترقی، تحقیق، جدت اور مہارتوں کے فروغ کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانا اور پاکستان (باقی صفحہ 4 پر نمبر 38) تین ممتاز یونیورسٹیوں، یونیورسٹی آف ٹیکساس یونیورسٹی آف ایلینوائے شکاگو کو (پی آئی اے) اور ڈی

## واسا اور سفر اپنجاب کی ٹیمیں سپر ہیرو قرار

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے واسا اور تھرڈ اپنجاب کی ٹیموں کو سپر ہیرو قرار دیا اور صوبہ بھر کا (باقی صفحہ 4 پر نمبر 37)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

## KP حکومت کو مہنگائی، پٹرولیم نرخ اضافہ پر تشویش

## گندم قیمتیں بڑھتی رہیں، متعلقہ اداروں نے کچھ نہ کیا، صوبائی مشیر خزانہ

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے مشیر خزانہ حزل اسلم نے گندم بحران اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے اور بڑھتی ہوئی مہنگائی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آگر رواں سال گندم کی پیداوار میں ہوئی تھی تو پھر لگین متعلقہ اداروں (باقی صفحہ 4 پر نمبر 39) پنجاب اور سندھ دونوں اپنے گندم خریداری ہدف کا بمشکل 15 فیصدی حاصل کیوں نہ کرسکے۔ اپنے بیان میں مشیر خزانہ خیبر پختونخوا محل اسلم نے کہا کہ گندم کی مارکیٹ میں قیمتیں مسلسل بڑھتی رہیں

## این سی سی آئی اے افسران کو کام سے نہ روکا جائے، مائیکورٹ

## ملازمین کیخلاف تادیبی کارروائی سے روکنے کا حکم امتناع برقرار

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ کے تحریری حکم نامہ میں کہا گیا ہے کہ این سی آئی اے کے افسران کو کرائمس کی انجام دہی سے روکا جائے، ملازمین کے خلاف کسی بھی تادیبی کارروائی سے روکنے کا حکم امتناع برقرار ہے۔ عدالت عالیہ کے جسٹس اعظم خان نے متاثرہ افسران کی درخواست پر سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کردیا (باقی صفحہ 4 پر نمبر 26)

## ایران کا یکطرفہ پالیسیوں پر عالمی تشویش کا اظہار

## مولانا کو حصہ نہیں ملا اس لیے غصے میں ہیں، بلی امین گنڈاپور

چولوں آت (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران نے شنگھائی تعاون تنظیم کے دورانے خارجہ اجلاس میں یکطرفہ پالیسیوں، بین الاقوامی معاہدوں کی خلاف ورزی اور طاقت کے تعریف قانونی استعمال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے (باقی صفحہ 4 پر نمبر 31)

ڈی آئی خان (ممتاز نیوز) خیبر پختونخوا کے سابق وزیر اعلیٰ اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کو حصہ نہیں ملا اسی وجہ سے وہ غصے میں ہیں جبکہ پختین سے قارم (باقی صفحہ 4 پر نمبر 32)

## جسٹس بابر ستار کو سرکاری رہائش خالی کرنے کا نوٹس

## اسلام آباد کا سرکاری گھر منسوخ، 30 روز میں خالی کرنے کی ہدایت

## قواعد کے مطابق ایک جج صرف ایک سرکاری رہائش رکھ سکتا ہے

اسلام آباد (لاء نیوز) پشاور ہائیکورٹ میں تعینات جسٹس بابر ستار کے زیر استعمال اسلام آباد کا سرکاری رہائشی گھر منسوخ کیا جانے کا انکشاف ہوا ہے، جبکہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے رجسٹرار نے انہیں 30 روز کے اندر سرکاری رہائشگاہ خالی کرنے کا نوٹس بھی جاری کردیا ہے۔ حیتاب نوٹس کے (باقی صفحہ 4 پر نمبر 30)

# وفاق کا صوبوں کو ضرورت کیلئے 10 لاکھ ٹن گندم درآمد کرنے کا فیصلہ

## وفاقی حکومت اور صوبوں میں تفصیلی مشاورت، پاسکو کے گندم کے ذخائر فوری طور پر فراہم کرنے پر اتفاق

## عوام کو سستی اور معیاری گندم کی فراہمی کیلئے پرعزم، مارکیٹ میں استحکام برقرار رکھا جائے گا، وفاقی وزیر غذائی تحفظ

اسلام آباد (فنانشل نمائندہ) وفاقی حکومت نے صوبوں کی ضرورت پوری کرنے کے لیے فوری طور پر 10 لاکھ ٹن گندم درآمد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ عوام کو سستی اور معیاری گندم فراہم کرنے کی پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے وفاق اور تمام صوبوں کے درمیان گندم کی دستیابی، قیمتوں اور سپلائی کی صورتحال پر تفصیلی مشاورت کی گئی جس میں باہمی اتفاق رائے سے فیصلہ کیا گیا کہ پاسکو کے پاس موجود گندم کے ذخائر فوری طور پر صوبوں کی ضروریات کے مطابق فراہم کے جائیں گے۔ مزید پڑھیے فیصلہ کیا گیا کہ تفصیلی مشاورت کی گئی جس میں باہمی اتفاق رائے سے فیصلہ کیا گیا کہ پاسکو کے پاس موجود گندم کے

شامانی، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی، صدق ملک موسمیاتی کانفرنس کوپ 31 میں شریک ہیں

## عالمی موسمیاتی تعاون کیلئے پرعزم ہیں، مصدق ملک

## وفاقی وزیر کی آذربائیجان میں ملاقاتیں، موسمیاتی تبدیلیوں، اہم امور پر گفتگو

## ترکیہ، آذربائیجان اور کینیا سے ماحولیات اور موسمیاتی تعاون بڑھانے پر اتفاق

شامانی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے تعمیری عالمی موسمیاتی سفارت کاری اور بین الاقوامی تعاون کے فروغ کیلئے پرعزم ہے۔ وزارت موسمیاتی تبدیلی کے مطابق انہوں نے یہ بات آذربائیجان کے شہر شامانی میں آئندہ اقوام متحدہ کی موسمیاتی تبدیلی کانفرنس (کوپ 31) کے موقع پر ترکیہ، آذربائیجان اور کینیا کے وزراء کے ساتھ دوطرفہ ملاقات کے دوران کی (باقی صفحہ 4 پر نمبر 29)

اسلام آباد، وزیر خزانہ اور گورنر بینک دولت پاکستان کی صدارت کررہے ہیں

## سیاست میں تنقید جمہوری عمل کا حصہ ہے، کنڈی

## پر جماعت کو جلسے جلسوں کا حق، ون لیگ تنقید برداشت نہیں کرتی، گنڈاپور

## نیشنل ایکویشن سنٹر پشاور کا دورہ، مستقبل آئی ٹی اور اے آئی کا ہے، گورنر

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کمزور ہے ہر جماعت کو قانون کے دائرے میں جلسہ جلوس کرنے کا حق حاصل ہے، جلسے جلوس کرنے کا حق ہے، سیاسی جلسے (باقی صفحہ 4 پر نمبر 41)

# برقیاتی قرضوں پر حتمی مارک اپ شرح 11.89 فیصد سالانہ مقرر

## صوبائی، مقامی حکومتوں، مالیاتی و غیر مالیاتی اداروں، دیگر کارپوریشنوں کے قرضوں پر 11.89 فیصد شرح لاگو ہوگی

## مالی سال 24-2023ء میں شرح 17.84 فیصد، 25-2024ء میں 17.74 فیصد تھی، وزارت خزانہ نوٹیفکیشن

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) حکومت نے مالی سال 26-2025ء کے لیے ترقیاتی قرضوں پر مارک اپ کی حتمی شرح 11.89 فیصد سالانہ مقرر کردی۔ وزارت خزانہ نے اس حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کردیا جس میں کہا گیا ہے کہ مالی سال 2023-24ء میں مارک اپ کی شرح 17.84 فیصد جبکہ 2024-25ء میں 17.74 فیصد رہی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق صوبائی حکومتوں، مقامی حکومتوں، مالیاتی و غیر (باقی صفحہ 4 پر نمبر 43)

## کے پی، ملازمین کے سفری الاؤنس میں 50 فیصد اضافہ

## تمام گریڈز کے سرکاری ملازمین کیلئے نئے الاؤنس کا نوٹیفکیشن جاری

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا حکومت نے سرکاری ملازمین کے سفری الاؤنس میں 50 فیصد اضافے کا فیصلہ کرلیا جبکہ خیبر پختونخوا کے کنوینس الاؤنس میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، اعلامیے کے مطابق گریڈ 1 سے گریڈ 20 اور اس سے اوپر کے تمام سرکاری ملازمین اضافے سے مستفید ہوں گے۔ گریڈ 1 تا 4 کے ملازمین کا کنوینس الاؤنس 785.1 (باقی صفحہ 4 پر نمبر 44)

## الیکٹرو بسوں کی تقسیم انتخابی رشوت ہے، پیپلز پارٹی

## پنجاب کے ٹکٹس کا پیسہ آزاد کشمیر الیکشن پر استعمال ہورہا ہے، ہنیر بخاری

اسلام آباد (وقائع نگار) پیپلز پارٹی نے مریم نواز کی تصویروں والی الیکٹرو بسوں کے آزاد کشمیر حکومت کو دینے کے عمل کو سیاسی رشوت قرار دیدیا۔ پی پی کے سیکرٹری جنرل نبیر بخاری نے کہا کہ چیف الیکشن کمشنر مریم نواز کی تصویروں والی 10 الیکٹرو بسوں کو آزاد کشمیر انتخابات کو دیئے جانے کا نوٹس لیں۔ سپریم کورٹ پنجاب کے عوام کے ٹکٹس کا پیسہ استعمال کرکے الیکٹرو بسیں (باقی صفحہ 4 پر نمبر 45)

## مینا آفریدی کی بیرون ملک سفری پابندی کیس، فیصلہ محفوظ

پشاور (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر مینا خان آفریدی کی بیرونی سفر پر پابندی کے خلاف دائر درخواست پر سماعت جسٹس وقار احمد اور جسٹس انعام اللہ خان نے کی۔ وکیل درخواست گزار منیر خان وزیر ایڈوکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ درخواست گزار صوبائی وزیر ہائر ایجوکیشن ہیں۔ جرمنی ایسوسی نے درخواست گزار کو یونیورسٹی کی تقریب میں شرکت کی دعوت دی (باقی صفحہ 4 پر نمبر 46)

کراچی، وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ پولیس کی پائلٹ آوٹ پریڈ میں ایوارڈ دے رہے ہیں

## کراچی: بچی سے زیادتی اور قتل کے ملزم کی ہلاکت

## اٹلخانہ کا لاش لینے سے انکار

کراچی (نیوز رپورٹر) کراچی کے علاقے جنکشن میں 6 سالہ بچی کے قتل اور زیادتی میں ملوث ملزم گزشتہ روز پولیس مقابلے میں مارا گیا، اٹلخانہ نے ملزم کی میت وصول کرنے سے انکار کردیا۔ ترجمان ایدھی کا کہنا ہے کہ اٹلخانہ نے ملزم کی میت وصول کرنے سے انکار کردیا (باقی صفحہ 4 پر نمبر 42)

## خضدار، دہشتگردوں نے شہری کی گاڑی نذر آتش کردی

خضدار (مانیٹرنگ ڈیسک) دہشتگردوں نے بلوچ شہری کی ڈیزل سے بھری گاڑی نذر آتش کر دی۔ بتفصیل اہلہ دستان کے دہشتگردوں نے بلوچستان میں ایک بار پھر عوام (باقی صفحہ 4 پر نمبر 47)

## 4 روز بارشوں کی پیشگوئی

## خیبر پختونخوا میں ہائی الرٹ جاری

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں 24 سے 27 جولائی تک بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کی پیشگوئی۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق پی ڈی ایم اے نے موسمی بھر میں بارشوں کے پیش نظر تمام ضلعی انتظامیہ (باقی صفحہ 4 پر نمبر 48)

## خیبر پختونخوا میں پٹرول پمپس کی ہڑتال ختم

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں پٹرول پمپس کی ہڑتال ختم کردی گئی۔ حکمہ کے روز خیبر پختونخوا بھر میں پٹرول پمپس کھلے رہے۔ جنرل سیکریٹری پیٹرولیم (باقی صفحہ 4 پر نمبر 49)

# غیر ضروری فرزاتیں ختم کرکے سالانہ 5 ہزار ارب بچت ممکن

## مشترکہ مفادات کونسل اجلاس نہ ہونے پر آئینی نقاضے متاثر، جان بلیدی، عوام بھوک سے مر رہے، ضمیر حسین

## تیل ویکس پیدا کرنے والے صوبوں کو ان کا آئینی حق نہ دینا سنگین خلاف ورزی ہے، ارکان کا اظہار خیال

اسلام آباد (وقائع نگار) سینیٹ کمیٹی کے اجلاس میں ارکان نے کہا ہے کہ غیر ضروری فرزاتوں کو ختم کرکے سالانہ 5 ہزار ارب بچت ہوسکتی ہے۔ سینیٹر ضمیر حسین کی زیر صدارت سینیٹ کی انسٹیٹیوشنل کمیٹی برائے ڈیویژن کا اجلاس منعقد ہوا جس میں اظہار ہوئی آئینی ترمیم کے بعد اختیارات کی منتقلی اور اس پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران وفاقی حکومت کے نظام کو، وزارتوں کی تعداد کم کرنے اور آئینی تقاضوں کے مطابق وفاقی حکومت کے دائرہ کار کو محدود کرنے سے متعلق متفقہ تجاویز پر تفصیلی بحث کی گئی۔ کمیٹی ارکان (باقی صفحہ 4 پر نمبر 50)

## سیلابی صورتحال، این ایچ اے کا تمام فیلڈ عملہ ہائی الرٹ

## کلٹ شدور روڈ مکمل بحال، پلوں کی مرمت اور ملبہ ہٹانے کے کام جاری

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) نے حالیہ شدید سیلابی صورتحال کے پیش نظر تمام فیلڈ عملے کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور متاثرہ مقامات پر بحالی کے کام تیز کرنے کی ہدایت جاری کردی۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین نیشنل ہائی وے اتھارٹی نے تمام فیلڈ افسران اور عملے (باقی صفحہ 4 پر نمبر 51)

این ایچ اے کی بھاری مشینری سے لینڈ سلائیڈنگ متاثرہ گلگت شدور روڈ کو بحال کیا جارہا ہے

## مزار قائد کیلئے مختص 4.50 کروڑ وزارت تعلیم کو منتقل

## سینیٹ کمیٹی کا مزار قائد کے فنڈز کہیں اور خرچ نہ کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (ممتاز نیوز) ہائی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے مزار کے لئے مختص ساڑھے 4 کروڑ روپے کے فنڈز وفاقی حکومت نے وزارت تعلیم کو منتقل کردیئے۔ سینیٹ کی انسٹیٹیوشنل کمیٹی برائے منتقلی اختیارات نے بڑے انکشاف پر حیرت اور سخت برہمی کا اظہار کیا، مزار قائد کے فنڈز مزار قائد پر ہی خرچ کرنے کی ہدایت کردی، سینیٹر کے اعلان بھی کردیا میڈیا (باقی صفحہ 4 پر نمبر 52)

## مودی حکومت پر خوجیوں کی قربانیاں چھپانے کا الزام

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) پرہ پیکٹ اور گمراہ کن دعوں کے بگرس بھارتی فوجوں نے فسٹ خوردہ مودی حکومت کو آئینہ دکھا دیا۔ دہلی میں بھارتی مظاہرین نے آپریشن سندور میں فلسٹ اور ناکامی کو چھپانے کیلئے فوجیوں کی ہلاکت کو دبانے کے پاکستانی موقف کی تائید کردی۔ دہلی میں مظاہرین نے تشدد کرنے والے پولیس اہلکاروں کو خاطب کر کے کہا کہ (باقی صفحہ 4 پر نمبر 53)

اعتراف
SUNDAY AT 8PM
انٹرٹینمنٹ
ENTERTAINMENT
FOLLOW US ON /mentpk

ایڈیٹر انچیف، پبلشر، چیف ایگزیکٹو: بشیر احمد
پرنٹنگ پریس، پلاٹ نمبر 93 سٹریٹ نمبر 7، انڈسٹریل ایریا آئی نائن تھری، اسلام آباد سے چھپا کر دفتر روزنامہ ممتاز، پلاٹ نمبر 8-B سٹریٹ نمبر 1-B انڈس بلاک مرغزار ایکسٹینشن، ایم ایم بی کی گلیشیں، پلاٹ نمبر 12-E، سی ایریا مرکز اسلام آباد سے شائع کیا۔
مینجنگ ایڈیٹر ڈاکٹر احسن طارق بٹ
فون نمبر 051-8437993
فیکس نمبر 051-8357772، ای میل
mumtazisb9@gmail.com